پریس ریلیز

جنرل ہسپتال: شعبہ امراض چشم ونسواں میں طبی معائنے کا وقت لینے کیلئے ہیلپ لائن کا اجراء

مریض انتظار کی زحمت سے بچ سکیں گے، مذکورہ سسٹم سے مریضوں کی حوصلہ افزائی ہوگی

ڈاکٹر اسماء اکرم فوکل پرسن، آؤٹ ڈور میں مریضوں کیلئے کمرہ نمبر 200 مختص ہوگا: پروفیسر الفرید ظفر

یہ سہولت شعبہ بیرونی مریضاں کے معمول کے اوقات میں دستیاب ہو گی

042-99268816/99268877یا سکائپ آئی ڈی Appointment LGHپر رابطہ ہوسکتا ہے

جدید رجحانات متعارف کرانے والا ایل جی ایچ پہلا شفاء خانہ بن گیا: پرنسپل کی پریس کانفرنس

لاہور 22 اکتوبر:.....پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے مریضوں کو انتظار کی زحمت سے بچانے کیلئے لاہور جنرل ہسپتال کے شعبہ امراض چشم وامراض نسواں میں کنسلٹنٹ سے طبی معائنے کا وقت لینے کیلئے اپوائنٹمنٹ ہیلپ لائن کا اجراء کر دیا ہے۔اس سلسلے میں پی ٹی سی ایل کے لینڈ لائن کے دو نمبرز 042-99268877اور 042-99268816 مختص کرنے کے علاوہ SKYPE آئی ڈی LGH Appointment بھی متعارف کرادی گئی ہے اور ایسے مریض جو آؤٹ ڈور میں رش کے باعث طویل انتظار نہیں کر سکتے وہ مذکورہ نمبرز پر رابطہ کر کے پہلے سے ہی وقت لے سکتے ہیں۔اس امر کا اعلان پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے "صحت سب کیلئے" کے تحت پریس کانفرنس میں کیا۔میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ایل جی ایچ ڈاکٹر خالد بن اسلم، ڈاکٹر عرفان ملک، ڈاکٹر جعفر حسین، ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈاکٹر نادیہ ارشد اور ڈاکٹر عبدالعزیز ودیگر بھی اس موقع پر موجود تھے۔صحافیوں نے اس فیصلے کو سراہتے ہوئے اسے مریض دوست اقدام قرار دیا۔

سربراہ لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر نے میڈیا بریفنگ میں کہا کہ اپوائنٹمنٹ ہیلپ لائن کے ذریعے وقت حاصل کرنے والے مریضوں سے کسی قسم کی فیس نہیں لی جائے گی اور انہیں تمام سہولتیں مفت دستیاب ہونگی جبکہ ان مریضوں کو پیشگی طبی معائنہ کیلئے وقت لینے والے افراد کو آؤٹ ڈور کمرہ نمبر 200 میں آنا ہوگا۔ڈی ایم ایس ڈاکٹر اسماء اکرم کو مریضوں کی رہنمائی ومتعلقہ شعبوں تک رسائی کیلئے فوکل پرسن مقرر کیا گیا ہے جبکہ مسٹر شاہد شکوران کی معاونت کرینگے۔پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ ہیلپ لائن سے ضعیف العمر مریض (مرد وخواتین) کو خصوصی فائدہ پہنچے گا جو کمزور جسمانی صحت کی وجہ سے آؤٹ ڈور میں زیادہ دیر تک انتظار نہیں کر سکتے۔انہوں نے کہا کہ پروفیسر محمد معین کو امراض چشم اور ڈاکٹر لیلیٰ شفیق کو گائناکالوجی میں الگ الگ کوآرڈینیٹر کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں اور یہ سہولت شعبہ بیرونی مریضاں کے معمول کے اوقات میں بھی دستیاب ہوگی۔

پروفیسر الفرید ظفر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس سسٹم کے متعارف کرانے کا مقصد ایل جی ایچ کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانا اور عوام کیلئے مریض دوست ماحول کو فروغ دینا ہے، ایسے مریض جو آؤٹ ڈور کے رش سے گھبرا کر اپنا طبی معائنہ موخر کرتے ہیں اور اُن کی بیماریاں پیچیدگی اختیار کر لیتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ مذکورہ سسٹم سے ایسے مریضوں کی حوصلہ افزائی ہوگی اور وہ پہلے سے طے شدہ اوقات میں چیک اپ کروا سکیں گے، جس سے نہ صرف ان کو بہتر طبی سہولیات مختصر وقت میں میسر آسکیں گی اور صحت عامہ کو فروغ ملے گا۔پرنسپل پی جی ایم آئی کا کہنا تھا کہ پبلک سیکٹر میں لاہور جنرل ہسپتال جدید رجحانات متعارف کرانے والا پہلا ہسپتال بن گیا ہے جس سے یقیناً مریضوں کو علاج میں آسانیاں ہونگی اور دیگر طبی اداروں کیلئے بھی نئے سسٹم متعارف کرانے کی راہیں ہموار ہونگی۔

☆☆☆☆



لاہور جنرل ہسپتال کے شعبہ امراض چشم وامراض نسواں کے لئے ہیلپ لائن،
پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر اجراء کرر ہے ہیں